Text of Morning Urdu News Bulletin

Time : 09:25/09:30 AM

Date : 08-07-2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی مضبوط معیشت عالمی اقتصادی ترقی میں ایک اہم رول ادا کررہی ہے۔ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک ریفارم، پرفارم اینڈ ٹرانسفارم کے اصولوں پر کام Diaspora جکارتا میں انڈین کرتے ہوئے ترقی کے سفر پر گامزن ہے۔

ایل جی یاترا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امرناتھ جی یاترا پر آئے
شردھالوو

---

ں کے تحفظ اور سہولیات کا خاص خیال رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ وہ کل شام یاترا کا جائزہ لینے ۓ کیلئے ایک اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔

منوج سنہا نے افسران کو ہدایت دی کہ یاترا پر روانہ ہونے سے پہلے ہر یاتری کی رجسٹریشن کو یقینی بنایا جانا چاہئے۔انہوں نے یاتریوں سے اپیل کی کہ وہ مقامی مہمان نوازی اور جموں وکشمیر کی روایتی فنون ودستکاری کی خوبیوں کا تجربہ کریں۔لیفٹیننٹ گورنر نے لوک بھون میں یاترا سے متعلق قائم کنٹرول روم کا بھی جائزہ لیا۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا دونوں راستوں پہلگام اور بال تل سے خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ یاترا کے پہلے 5دنوں کے دوران لگ بھگ ایک لاکھ 13ہزار یاتریوں نے پوتر گپھامیں شیو لنگم کے درشن کئے۔یاتری انتظامیہ اور مقامی لوگوں کی جانب سے کئے گئے انتظامات پر کافی مطمئن نظرآرہے ہیں۔

اس دوران آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 9ہزار837یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔

ایڈوائزری

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔

جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔

ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

ایل جی میٹنگ

تعلیمی نظام کے تحفظ کیلئے انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ تعلیمی اداروں کو علم، قوم کی تعمیر اورآئینی اقدار کا مرکزبنے رہنا چاہئے۔

انہوں نے کہا قابل اعتراض لٹریچر کے ذریعے طلباءکو گمراہ کرنے یا انتہا پسندی کی طرف راغب کرنے کی کسی بھی کوشش کے خلاف زیروٹالیرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔

ملاقات

فوج کے سربراہ جنرل دھیرج سیٹھ نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیراعلیٰ عمرعبداللہ کے ساتھ الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر کے ساتھ ہوئی ملاقات میں فوجی امور،علاقائی سلامتی اورعوامی فلاح وبہبود کے مختلف موضوعات پر
تبادلہ

---

خیال کیا گیا۔ ۂ

بعدازاں فوج کے سربراہ نے وزیراعلیٰ عمرعبداللہ سے بھی اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور خطے کی سلامتی صورتحال پر بات چیت کی۔اُن کے ہمراہ چنار کور کے جی او سی لیفٹیننٹ جنرل بلبیر سنگھ اور دیگر سینئر فوجی افسران بھی تھے۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا کہ حکومت عوامی اہمیت کے حامل منصوبوں کی بروقت تکمیل، بہتر شہری سہولیات کی فراہمی اور لوگوں کے معیار حیات میں تبدیلی لانے کی وعدہ بند ہے۔ وہ کل راجوری میں نوشہرہ کے پی ڈبلیو ڈی ڈاک بنگلہ میں 2کروڑ 49لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے کانفرنس ہال کا افتتاح کرنے کے موقع پر ایک اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ یہ جدید سہولت علاقے کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنائے گی۔اس سے قبل نائب وزیراعلیٰ نے نوشہرہ حلقے میں سڑکوں، پُلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچوں کے منصوبوں پر جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے محکمے کے افسروں کی ایک میٹنگ طلب کرکے اس سیکٹر میں مرکزی فلیگ شِپ اسکیموں کی عمل آوری اور محکمے کی مجموعی کارگذاری کا جائزہ لیا۔

سیکریٹری موصوف نے اسکیموں کی عمل آوری کیلئے دستیاب رقومات کا منصفانہ استعمال کرنے اور مستحقین تک فلاحی اسکیموں کے فوائد پہنچانے کی ہدایت دی۔

پاسپورٹ

پاسپورٹ خدمات کی فراہمی کیلئے بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر پاسپورٹ آفس سرینگر کی جانب سے 11جولائی سنیچروار کو ایک خصوصی مہم چلائی جائے گی۔

مہم کے تحت 11جولائی کو پاسپورٹ سیوا کیندر سرینگر// پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ//اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ میں یہ خدمات اس مہم کے تحت جاری رہیں گی۔

ریجنل پاسپورٹ آفسر سرینگربی ایس راوت نے کہاہے کہ خواہشمند افرادمحکمے کی ویب سائٹ www.passportindia.gov.in پر Appointment بُک کراسکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت

اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 19

ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیاسے گیا۔ 4

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔